# Virtual Interaction between the Minister of State for External Affairs and the Vice President & Minister of State of Republic of Palau

June 28, 2021

---

## وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور جمہوریہ پلاؤ کے نائب صدر اور وزیر مملکت کے درمیان ورچوئل بات چیت کا انعقاد

28 جون، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ جناب وی مرلی دھرن نے آج جمہوریہ پلاؤ کے نائب صدر اور وزیر مملکت عزت مآب جے اڈوچ سنجباؤ سینئر کے ساتھ ایک ورچوئل بات چیت کا انعقاد کیا۔

وزراء نے ہمارے دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی پیشرفت اور بھارت اور پلاؤ کے مابین جاری ترقیاتی تعاون بشمول فورم برائے انڈیا پیسیفک آئی لینڈ کوپریشن (ایف آئی پی آئی سی) کے ذریعے تعاون کا جائزہ لیا۔

وزراء نے آب وہوا کے عمل اور قابل تجدید توانائی، بلیو معیشت اور میرین گلوبل کامنز کے پائیدار مینجمنٹ، صلاحیت سازی، حفظان صحت کو مضبوط بنانے اور کووڈ -19 وبائی بیماری کے بعد معاشی بحالی میں تعاون کو مزید تقویت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوں نے ہندوستان، پلاؤ کے مابین ایک محفوظ، مستحکم اور خوشحال ہند بحر الکاہل کے لئے مزید وسیع اور گہرے تعلقات قائم کرنے کی کوششوں کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**28 جون، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release